106467 ـ معدے کا السر ہونے کی بنا پر ڈاکٹروں نے روزہ نہ رکھنے کا مشورہ دیا ہے

سوال

ایک شخص آٹھ برس سے معدے کے السر کی بیماری کا شکار ہے اور ڈاکٹروں نے بیماری بڑھ جانے کی بنا پر اسے روزہ نہ رکھنے کا مشورہ دے رکھا ہے اس کا علاج معالجہ جاری ہے کیا ایسا کرنا جائز ہے یانہیں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

" اس کے لیے روزہ چھوڑنا جائز ہے، اور اگر اسے شفایابی کی امید ہے تو ان روزوں کی قضاء میں روزے رکھےگا، لیکن اگر شفایابی کی امید نہیں تو پھر وہ ماہ رمضان کے ہر دن کے بدلے ایک مسکین کو کھانا دےگا " انتہی.

دیکھیں: فتاوی الشیخ محمد بن ابراہیم رحمہ اللہ (4 / 180).